## TERMS AND CONDITIONS – RIDBL TERM DEPOSIT

I ("**Customer**") do hereby agree and accept to be bound by the following Terms and Conditions for this ("**Term Deposit**") or ("**TDR**") in addition to the Terms and Conditions already accepted and agreed by me governing the Account(s) provided by the Raqami Islamic Digital Bank Limited ("**Bank**").

1. The relationship between the Bank and the customer with respect to all profit bearing deposits in the Account(s) shall be based on the Shariah principles of Mudarabah, where Customer is the Rab-ul Maal and the Bank is the Mudarib.
2. The Bank as the Mudarib may invest or disinvest, at its sole discretion, amounts/deposits received by it from the Customers in its Account(s) with the Bank, in any of the products offered by the Bank as it deems appropriate under the products approved by Shariah Board of the Bank. As per SBP regulations, the Mudarabah based deposits in the Account (s) shall be invested in earning assets like financing and investments etc. Such deposits shall not be invested in non-trading fixed assets in accordance with Clause 4.3 of Profit & Loss Distribution and Pool Management Policy Framework of the State Bank of Pakistan.
3. The Bank may combine the Customer funds with other depositors' funds, including the current deposits and equity funds within the Mudarabah pool as and when required and deemed appropriate by the Bank in its sole discretion.
4. All deposit categories shall be assigned weightages. Weightages for every month or any interval decided by the Bank shall be finalized and announced three (3) working days before the start of the month, and sheet containing weightages for the month shall be available on RIDBL App and the Bank's website.
5. Bank shall share the profit on the basis of a predetermined percentage according to the mechanism described in the pool management guidelines issued by SBP. The net income of the pool is defined as gross income of the pool less direct expenses, write-offs and losses of investments incurred in deriving that income. Bank's share shall vary from time to time and shall be announced through the weightages sheet of the respective months.
6. The Bank may, at its discretion, also comingle it's own fund with the Mudarabah pool as partner.
7. The Term Deposit shall be subject to the profit or loss (PLS) basis.
8. Based on profit/loss from its operations/investments, the Bank shall determine the rate of profit to be paid to the Customer on monthly basis and or any other interval prescribed by the Bank from time to time as per announced profit-sharing ratios and weightages available on the RIDBL App and website.
9. Principal amount along with profit shall be credited, upon maturity of the Term Deposit, into same originating / source Account which was selected for the Term Deposit on the date of maturity. Bank as the withholding agent, shall credit the amount after deducting any applicable taxes under laws of Pakistan.
10. In the event of loss on either the capital or revenue of the business(es) in which the investments were made by the Bank, all investors of the investment pool (which includes the Bank and/or the Customer) shall share in such loss on a pro-rata basis proportionate to their relevant investment.

11. In case loss is incurred by the business and is caused by gross negligence or willful default of the Bank, the Customers will not be liable to share in such loss as contemplated by the preceding clause.
12. The method of calculating any return under the profit and loss sharing is governed by the prevailing regulations/directives of the State Bank of Pakistan issued from time to time.
13. Any amount allocated as profit/loss by the Bank shall be final and binding on all Customers.
14. In case of premature encashment, profit will be payable at the announced weightage of such term of the Term Deposit. Bank's decision in this regard shall be final and binding on the Customer.
15. The Term Deposit, under the Bank's various products, are accepted by the Bank from the Customer.
16. Term Deposits are available to the Customers for one (1) week, one (1) month, three (3) months, six (6) months and one (1) year. Tenures are subject to revision as per Bank's discretion.
17. All rates are quoted on Annual Percentage Rate (APR) basis.
18. Rate offered on rollover shall be as per the prevailing weightages of deposit.
19. Pre-mature encashment will be done through RIDBL App as per prevailing premature encashment policy of the Bank.
20. Zakat, if applicable, will be deducted as per admissible rules.
21. TDRs will be booked on the same day on prevailing weightages
22. Term Deposit will be subject to any taxes applicable by the Government from time to time including Withholding tax on profit disbursal as per the criteria defined by Federal Board of Revenue.
23. The Customer(s) undertakes to abide by the requirements of the prevention of money laundering act/policy and FATCA/CRS Regulations in place.
24. Term Deposits are subjected to and governed by all applicable laws of Pakistan including rules, regulations and circulars issued by the State Bank of Pakistan from time to time.
25. The Customer(s) acknowledges by accepting the Terms and Conditions that he/she has read and understood and agree to be bound by these terms and conditions and any changes, modifications made thereto by the Bank.
26. These terms and conditions shall be legally binding and shall be construed in accordance with the laws of Pakistan and all disputes/issues arising from these terms and conditions shall be adjudicated by the Courts of Pakistan.

Customer Undertaking

I, hereby irrevocably confirm, acknowledge, accept and agree to the Terms and Conditions of the Term Deposit therefore by clicking the '**I Accept'** option, I shall be legally bound by this Undertaking, and such digital mode of acceptance shall be recorded through electronic/digital means and shall be stored in electronic/digital form. Such record shall be deemed to be the mode of proof of entries in Banker's books as described in the Bankers Books Evidence Act 1891 without any qualifications and the said acceptance of me shall be legally enforceable, I shall not raise any objections as to the validity of this Undertaking on the basis that this Undertaking is in digital /electronic form, not witnessed and no stamped with any stamp

# شرائط و ضوابط – رقمی اسلامک ڈیجیٹل بینک لمیٹڈ ٹرم ڈپازٹ

میں، ("صارف")، اس تحریر کے ذریعے اقرار اور تسلیم کرتا/کرتی ہوں کہ میں اس ("ٹرم ڈپازٹ" یا "ٹی ڈی آر") کی شرائط و ضوابط کی پابندی کروں گا /کروں گی ، علاوہ ازیں ان شرائط و ضوابط کے بھی جو میں پہلے ہی رقمی اسلامک ڈیجیٹل بینک لمیٹڈ ("بینک") کے فراہم کردہ اکاؤنٹ/اکاؤنٹس کے سلسلے میں منظور اور تسلیم کر چکا/چکی ہوں۔

1۔بینک اور صارف کے درمیان اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں موصول ہونے والے منافعوں کے تمام ڈپازٹس سے متعلق تعلق شریعت کے اصولِ مضاربہ پر مبنی ہوگا، جہاں صارف رب المال اور بینک مضارب ہوگا۔

2۔ بینک بطور مضارب، اپنی صوابدید پر، صارفین سے موصول شدہ رقوم/ڈپازٹس کو جو ان کے بینک میں موجود اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں ہیں، بینک کی جانب سے پیش کردہ کسی بھی پروڈکٹس میں سرمایہ کاری کرسکتا ہے یا سرمایہ نکال سکتا ہے، جیسا کہ بینک مناسب سمجھے، بشرطیکہ یہ پروڈکٹس بینک کے شریعہ بورڈ سے منظور شدہ ہوں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ضوابط کے مطابق، اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں مضاربہ کی بنیاد پر جمع شدہ ڈپازٹس کو منافع بخش اثاثوں جیسے فنانسنگ اور سرمایہ کاری وغیرہ میں لگایا جائے گا۔ ایسی جمع شدہ رقوم کو غیر تجارتی فکسڈ اثاثوں میں سرمایہ کاری کیلئے استعمال نہیں کیا جائے گا، جیسا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منافع و نقصان کی تقسیم اور پول مینجمنٹ پالیسی فریم ورک کی شق 4.3 میں بیان کیا گیا ہے۔

3۔بینک اپنی صوابدید پر صارف کے فنڈز کو دیگر ڈپازٹرز کے فنڈز کے ساتھ، بشمول کرنٹ ڈپازٹس، مضاربہ پول کے اندر جب بھی ضروری اور مناسب سمجھے، ضم کر سکتا ہے۔

4۔تمام ڈپازٹ کیٹیگریز کیلئے ویٹیجز (Weightages) مختص کی جائیں گی۔ ہر ماہ یا کسی ایسے وقفے کیلئے جو بینک طے کرے، ویٹیجز کو تین (3) ورکنگ دن قبل حتمی شکل دی جائے گی اور اعلان کیا جائے گا۔ متعلقہ مہینے کیلئے ویٹیجز کی تفصیلات پر مشتمل شیٹ RIDBL ایپ اور بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگی۔

5۔بینک، متعلقہ مہینے یا بینک کی جانب سے مقرر کردہ کسی بھی وقفے کیلئے، بینک اور اس کے صارفین کے درمیان طے شدہ منافع کی تقسیم کے تناسب کے مطابق، پول کی خالص آمدنی (Net Income) کے پہلے سے طے شدہ فیصد کی بنیاد پر منافع میں حصہ دار ہوگا۔پول کی خالص آمدنی سے مراد ہے :پول کی مجموعی آمدنی جس میں سے براہ راست اخراجات، منفی سرمایہ کاری (write-offs) اور سرمایہ کاری سے ہونے والے خسارے منہا کیے جائیں گے۔بینک کا منافع میں حصہ وقتاً فوقتاً تبدیل ہو سکتا ہے اور ہر مہینے کیلئے اس کی تفصیلات ویٹیجز شیٹ میں ظاہر کی جائیں گی۔

6۔بینک اپنی صوابدید پر، بطور سرمایہ کار(انویسٹر), مضاربہ سرمایہ کاری میں حصہ لے سکتا ہے۔

7۔ٹرم ڈپازٹ نفع و نقصان (PLS) کی بنیاد پر مشروط ہوگا۔

8۔بینک اپنی سرمایہ کاریوں یا کاروباری سرگرمیوں سے حاصل ہونے والے نفع یا نقصان کی بنیاد پر، ماہانہ یا بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ کسی بھی وقفے پر صارف کو ادا کیا جانے والا منافع طے کرے گا۔یہ شرح منافع، اعلان کردہ منافع کی تقسیم کے تناسب اور ویٹیجز کے مطابق ہوگی، جو RIDBL ایپ اور بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گی۔

9۔ٹرم ڈپازٹ کی میعاد مکمل ہونے پر، اصل رقم بمع منافع اسی اصل/بنیادی اکاؤنٹ میں جمع کی جائے گی جو ٹرم ڈپازٹ کیلئے منتخب کیا گیا تھا۔ بینک بطور وِدہولڈنگ ایجنٹ، پاکستان کے قوانین کے تحت قابل اطلاق ٹیکس کی کٹوتی کے بعد رقم جمع کرے گا۔

10۔اگر بینک کی سرمایہ کاری سے منسلک کاروبار یا اثاثوں میں نقصان ہو، تو سرمایہ کاری پول کے تمام سرمایہ کار (جن میں بینک اور/یا صارف شامل ہیں) اس نقصان میں اپنی سرمایہ کاری کے تناسب سے (Pro-rata Basis) شریک ہوں گے۔

11۔ اگر کاروبار میں نقصان ہو جائے اور وہ بینک کی مجموعی شدید غفلت یا دانستہ کوتاہی کے باعث ہو، تو ایسی صورت میں صارفین اس نقصان میں شریک ہونے کے ذمہ دار نہیں ہوں گے، جیسا کہ گزشتہ شق میں بیان کیا گیا ہے۔

12۔ منافع و نقصان کی تقسیم کے تحت کسی بھی منافع کے حساب کا طریقہ کار، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ موجودہ ضوابط/ہدایات کے مطابق طے کیا جائے گا۔

13۔بینک کی جانب سے منافع/نقصان کے طور پر مختص کی گئی کوئی بھی رقم حتمی ہوگی اور تمام صارفین پر لازم و نافذ العمل ہوگی۔

14۔ قبل از وقت انکیشمنٹ کی صورت میں منافع اسی مدت کے ٹرم ڈپازٹ کے لیے اعلان کردہ ویٹیج کے مطابق ادا کیا جائے گا۔ اس ضمن میں بینک کا فیصلہ حتمی اور صارف پر لازم ہوگا

15۔ بینک کی مختلف پروڈکٹس کے تحت ٹرم پازٹ بینک کی جانب سے صارف کےذریعے قبول کیے جاتے ہیں۔

16۔ٹرم ڈپازٹ صارفین کیلئے ایک (1) ہفتہ، ایک (1) ماہ، تین (3) ماہ، چھ (6) ماہ، اور ایک (1) سال کیلئے دستیاب ہیں۔ مدتوں میں تبدیلی بینک کی صوابدید پر منحصر ہوگی۔

17۔ تمام شرحیں سالانہ فیصدی شرح (Annual Percentage Rate - APR) کی بنیاد پر دی جاتی ہیں۔

18۔ رول اوور (Rollover) پر پیش کی جانے والی شرح، موجودہ ڈپازٹ ویٹیجز کے مطابق ہوگی۔

19۔قبل از وقت انکیشمنٹ بینک کی موجودہ قبل از وقت انکیشمنٹ پالیسی کے مطابق رقمی اسلامک ڈیجیٹل بینک لمیٹڈ (RIDBL) ایپ کے ذریعے کی جائے گی۔

20۔اگر زکوٰۃ لاگو ہو، تو اسے قابل اطلاق قواعد کے مطابق منہا کیا جائے گا۔

21۔ٹی ڈی آرز (TDRs) موجودہ ویٹیجز کے مطابق اسی دن بک (Book) کیے جائیں گے۔

22۔ٹرم ڈپازٹ پر حکومتِ پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً لاگو تمام ٹیکسز نافذ العمل ہوں گے، بشمول منافع پر وِدہولڈنگ ٹیکس، جو فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ہدایات کے مطابق منہا کیا جائے گا۔

23۔صارف اس امر کا پابند ہوگا کہ وہ منی لانڈرنگ کی روک تھام سے متعلق قوانین و پالیسیز اور FATCA/CRS کے تقاضوں کی مکمل پابندی کرے۔

24۔ٹرم ڈپازٹس پر پاکستان کے تمام متعلقہ قوانین، بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ قوانین، ضوابط اور سرکلرز لاگو ہوں گے۔

25۔ان شرائط و ضوابط کو قبول کرتے ہوئے، صارف اس بات کا اقرار کرتا/کرتی ہے کہ اس نے ان شرائط کا بغور مطالعہ کر لیا ہے، سمجھ لیا ہے اور ان پر عمل درآمد کا پابند ہوگا/ہوگی، بشمول ان تمام تر تبدیلیوں یا ترامیم کا/کی بھی، جو بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً کی جائیں گی۔

26۔یہ شرائط و ضوابط قانونی طور پر قابل نفاذ ہوں گی اور ان کی تشکیل و تشریح پاکستان کے قوانین کے مطابق کی جائے گی، اور ان شرائط و ضوابط سے پیدا ہونے والے تمام تنازعات/امور کا فیصلہ پاکستان کی عدالتوں میں کیا جائے گا۔

صارف کا اقرار نامہ

میں بذریعہ ہٰذا بلاواسطہ، غیر مشروط طور پر تصدیق کرتا/کرتی ہوں، اقرار کرتا/کرتی ہوں، قبول کرتا/کرتی ہوں اور اس امر سے متفق ہوں کہ میں ٹرم ڈپازٹ کی شرائط و ضوابط کا پابند رہوں گا/رہوں گی۔ لہٰذا 'I Accept' کے بٹن پر کلک کر کے، میں اس عہد (Undertaking) کا قانونی طور پر پابند ہو جاؤں گا / جاؤں گی، اور اس قبولیت کا ریکارڈ الیکٹرانک/ ڈیجیٹل ذرائع سے محفوظ کیا جائے گا۔ یہ ریکارڈ بینک کے اکاؤنٹس میں اندراج کے ثبوت کے طور پر بینکرز بُکس ایویڈنس ایکٹ 1891 کے تحت بلا کسی استثنا کے قابلِ قبول سمجھا جائے گا، اور میری یہ ڈیجیٹل قبولیت قانونی طور پر نافذ العمل ہوگی۔ میں اس عہد کی درستگی یا قانونی حیثیت پر اس بنیاد پر کوئی اعتراض نہیں کروں گا/کروں گی کہ یہ عہد نامہ ڈیجیٹل/الیکٹرانک صورت میں ہے، اس پر کسی گواہ کے دستخط موجود نہیں ہیں، اور اس پر کوئی اسٹامپ ڈیوٹی نہیں لگی ہے